سوال

(273) کیا خنزیر کا نام لینے سے زبان گندی ہوجاتی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا خنزیر کا نام لینے سے زبان گندی ہوجاتی ہے جیسا کہ بعض لوگوں میں یہ بات مشہور ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ بات درست نہیں اگر ایسا ہو تو ہر اس شخص کی زبان گندی ہوجائے جو اس کی حرمت لوگوں کے سامنے بیان کرتا ہو، اس طرح تو پہلے اس شخص کی زبان گندی ہوگی جو کہے کہ خنزیر کا نام لینے سے زبان ناپاک ہوجاتی ہے۔ جب کہ اس کے برعکس ہم دیکھتے ہیں کہ قرآن مجید، احادیث نبویہ اور دیگر بہت سی اسلامی کتب میں اس کا تذکرہ ملتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ افکارِ اسلامی

اصلاح عقائد واعمال اور رسومات، صفحہ: 572

محدث فتویٰ